شعبہ نشرو اشاعت تنظیم اسلامی پاکستان

36-کے، ماڈل ٹاؤن لاہور، فون: 042-35869501، ای میل: media@tanzeem.org

31مارچ2023ء

پریس ریلیز

آئین اور قانون سے کھلواڑ قومی سلامتی کے لیے خطرناک ثابت ہوگا۔ (شجاع الدین شیخ)

لاہور(پ ر): آئین اور قانون سے کھلواڑ قومی سلامتی کے لیے خطرناک ثابت ہوگا۔ یہ بات تنظیم اسلامی کے امیر **شجاع الدین شیخ** نے ایک بیان میں کہی۔ اُنہوں نے کہا کہ حکومتی اتحاد کسی صورت عوام کو آئین کا فراہم کردہ رائے دہی کا بنیادی حق دینے کو تیار دکھائی نہیں دیتا اور اس حوالے سے وہ عدالتی فیصلوں کے سامنے سر تسلیم خم کرنے کو بھی تیار نہیں۔ اُنہوں نے اس بات پر افسوس کا اظہار کیا کہ الیکشن کمیشن اپنی بنیادی آئینی ذمہ داری ادا نہیں کر رہا بلکہ لیت و لعل سے کام لے رہا ہے جبکہ آئین تمام ریاستی اداروں اور محکموں کو الیکشن کے انعقاد کے حوالے سے الیکشن کمیشن سے تعاون کا پابند کرتا ہے۔ جس کا انکار آئین کی کھلی خلاف ورزی ہے۔ اُنہوں نے کہا کہ انتہائی افسوس ناک بات یہ ہے کہ اس وقت ملک میں بنیادی انسانی حقوق کی بے دریغ پامالی کی جا رہی ہے۔ چادر اور چار دیواری کے تقدس کو روند کر شہریوں کو گھروں سے غیر قانونی طور پر اٹھایا جا رہا ہے۔ پھر یہ کہ قانون کے مطابق عدالت میں بھی پیش نہیں کیا جاتا جس سے ملک میں خوف و ہراس پھیل رہا ہے۔ اُنہوں نے کہا کہ ہم ایک عرصہ سے بلوچستان اور قبائلی علاقوں سے missing persons کے لیے آواز اُٹھاتے رہے ہیں لیکن بد قسمتی سے یہ کام ختم ہونے کی بجائے ملک کے دوسرے حصوں میں بھی تیزی سے پھیل رہا ہے جو انتہائی تشویش ناک ہے۔ آئین کی پاسداری، قانون کی عملداری اور شہریوں کے بنیادی حقوق کا تحفظ حکومت کی اوّلین ذمہ داری ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ موجودہ بدترین سیاسی کشیدگی میں مزید انتشار اور خلفشار پیدا کرنا آگ سے کھیلنے کے مترادف ہے جس سے ملک کی سلامتی کو شدید خطرات لاحق ہو جائیں گے۔

جاری کردہ

ایوب بیگ مرزا

مرکزی ناظم نشرو اشاعت، تنظیم اسلامی پاکستان

TANZEEM-E-ISLAMI

<u>PRESS RELEASE</u>: Friday 31 March 2023

"Undermining the constitution and law could be hazardous for the national security."

Lahore (PR): "Undermining the constitution and law could be hazardous for the national security."

This was said by the Ameer of Tanzeem-e-Islami, **<u>Shujauddin Shaikh</u>**, in a statement. The Ameer remarked that the ruling coalition appears to be unwilling to grant the masses their fundamental right of electing public representatives and it appears that it is also unwilling to submit to the decision of the apex court in that regard. He expressed concern about the fact that the election commission was using delaying tactics and not performing its constitutional functions. Moreover, the constitution makes it binding on all state institutions and departments to provide the necessary assistance to the election commission for holding free, fair and transparent elections, he said, and any refusal to do so would amount to a blatant violation of the constitution. The Ameer lamented that it is a travesty that the fundamental rights of the citizens of Pakistan are being blatantly violated. Ordinary people are being picked up from their homes with total disregard to the sanctity and dignity of the home and worse still they are not being charged and produced before the courts, which is causing fear and panic among people. He said that we have been raising our voice against the matter of missing persons of Balochistan and the tribal areas and it is unfortunate that instead of being curtailed, it appears that this practice has proliferated to other parts of the county, which is a matter of great concern. He said that abiding by the constitution, the rule of law and guaranteeing the fundamental rights of the citizens of the state are the primary responsibilities of the government. The truth is that everyone must avoid fueling the current volatile political situation in the country as that could severely compromise the security of the state.

Issued by
Ayub Baig Mirza
Markazi Nazim of Press and Publications Section
Tanzeem-e-Islami, Pakistan